## سوال

پرفیوم لگا کر نماز پڑھنے کا حکم السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ کیا پرفیوم لگا کر نماز پڑھ سکتے ہیں یا نہیں۔؟ ازراہ کرم کتاب وسنت کی روشنی میں جواب مطلوب ہے۔ جزاکم اللہ خیرا

## جواب

الجواب بعون الوہاب بشرط صحۃ السؤال

وعلیکم السلام ورحمۃ اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علىٰ رسول اللہ، أما بعد!

جی ہاں! پرفیوم لگا کر نماز ہوجاتی ہے، کیونکہ خوشبو لگانا مسنون عمل ہے اور یہ خوشبو ہی کی ایک قسم ہے۔ اور اگر آپ یہ سمجھتے ہیں کہ اس میں الکوحل پائی جاتی ہے تو اس سلسلے میں عرض ہے کہ اگر تھوڑی مقدار میں الکوحل کسی چیز میں مل جائے تو کوئی حرج نہیں ہے۔ نیز تحقیق سے یہ بات ثابت ہوئی ہے کہ پرفیوم میں الکوحل بہت کم مقدار میں ہوتی ہے اور وہ بھی لگاتے وقت ہوا میں اڑ جاتی ہے۔ لہذا دونوں صورتوں میں نماز ہوجاتی ہے۔ ہذا ما عندي واللہ اعلم بالصواب

**محدث فتویٰ کمیٹی**

دارالافتاء محدث